Dailysang@gmail.com

Member APRNS

ملتان، مظفرگڑھ اور لیہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیرالاشاعت اخبار

Member JPNS

Daily Sang-e-Safar Multan

روزنامہ سنگِ سفر ملتان

ایگزیکٹو ایڈیٹر
شہباز احمد بادل

ایڈیٹر انچیف
محبوب حسین چغتائی

ایڈیٹر
نسیم شہزاد

مینجنگ ایڈیٹر سلیم خان

سینئر ایڈیٹر
سید ریاض جاذب

گروپ ایڈیٹر
ملک محسن اعوان

جلد 26

جمعۃ المبارک 02 رمضان المبارک 1447ھ 20 فروری 2026ء (صفحات 4 قیمت 20 روپے) شمارہ نمبر 275

عورت فاؤنڈیشن کی چالیسویں سالگرہ پر تقریب منعقد

خواتین کی سیاسی نمائندگی میں فاؤنڈیشن کا کردار قابل ستائش قرار

میلسی (بیورو چیف چوہدری کامران محمود سے) خواتین کی ہر شعبہ میں نمائندگی قابل ستائش ہے۔خواتین کے بغیر ترقی نہ ممکن ہے۔ 2001 کے بلدیاتی انتخابات میں 33 فی صدر نمائندگی کے لئے ملک بھر میں خواتین کو مبلائز کرنے میں عورت فاؤنڈیشن کا اہم رول تھا یہ بات مرکزی تنظیم انجمن تاجران میلسی کے صدر سید شیراز حسین کاظمی نے عورت فاؤنڈیشن کی چالیسویں سالگرہ پر کیک کاٹتے کہا ۔ا۔ہوں نے کہا کہ عورت فانڈیشن نے ہمیشہ خواتین کی سیاسی عمل میں شمولیت۔۔اور خواتین کے حقوق پر بھرپور کردار ادا کیا۔سید خورشید احمد شاہ چیرمین سماجی و ترقیاتی کونسل تاجران نے کہا کہ جمہوریت محض ایک نظام حکومت نہیں بلکہ ایک طرز زندگی ہے جو اپنے شہریوں کی فعال شمولیت پر منحصر ہوتی ہے۔اج ہر شعبہ میں خواتین کی نمائندگی موجود ہے۔عورت فانڈیشن کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔صادق علی مرزا صدر ینگ مین سوسائٹی نے کہا کہ خواتین کی سیاسی عمل میں شمولیت سے خواتین میں شعور بیدار ہوا ہے۔کیونکہ خواتین کے مسائل خواتین بہتر انداز میں حل کرسکتی ہیں۔وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی جانب سے خواتین کے مسائل۔خواتین کے تحفظ اور حقوق کے لئے اقدامات قابل ستائش ہیں۔اج نعیم مرزا اور ممتاز مغل کی سربراہی میں عورت فانڈیشن خواتین کو ایمپاورمنٹ حقوق سے اگاہی کے لئے بھرپور کوشاں ہیں ۔انہوں نے عورت فانڈیشن کی فانڈر نگار آپا کی جدو جہد جن کی ایک آواز اور ایک سوچ تھی کہ عورت کو وہ مقام دیا جائے جس کی حق دار ہیں۔بلدیاتی انتخابات میں پہلی بار بھرپور، 33 فی صد نمائندگی نگار آپا کی کوشش کا نتیجہ ہے۔اور پہلی بار سیاست کے میدان میں شامل ہوئیں۔ نگار آپا کو سنہری حروف سے یاد کیا جاتا رہے گا پاکستان میں خواتین لیڈر کے نام سے جانی جائے گی۔اس موقعہ پر اپا نگار کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔اس سالگرہ کی تقریب میں سابقہ کونسلر شمیم اختر۔نزیر فاطمہ نے بھی کیک کاٹا ۔تقریب میں محمد ندیم خان۔غضنفر محفوظ۔قاضی محمد رمضان ۔رانا وحید احمد۔ڈاکٹر رابعیہ نور۔ممتاز مائی نے بھی شرکت کی